**LAS**
**LEGAL AID SOCIETY**

# ضلعی سطح پر فوری مدد اور انصاف
# تک رسائی کے لیے موجودہ وسائل



کاپی رائٹس ۔لیگل ایڈ سوسائٹی

# ضلعی سطح پر فوری مدد اور انصاف تک رسائی کے لئے موجودہ وسائل

اشاعت کا سال: 2023

یہ اشاعت لیگل ایڈ سوسائٹی کے ریسرچ پراڈکٹس کا ایک حصہ ہے۔
اس اشاعت کے مندرجات لیگل ایڈ سوسائٹی کی خصوصی شعوری ملکیت ہیں اور کسی بھی شکل میں یا کسی بھی ذرائع سے اس کا اعادہ، تقسیم، ترمیم، استعمال یا ترسیل بشمول فوٹو کاپی کرنے یا دیگر الیکٹرانک یا میکینکل ذرائع سے اس کا اظہار مکمل طور پر غیر قانونی ہے اور ایسا کرنااس طرز کے شعوری املاک کے حقوق کی خلاف ورزی کہلائے گی۔ اس اشاعت میں فراہم کردہ مواد کے بارے میں کسی بھی حوالے کو لیگل ایڈ سوسائٹی کے فائدے میں ہونا چاہیے۔
لیگل ایڈ سوسائٹی کو کسی بھی مجازی پروڈکشن، تقسیم، استعمال یا اس کام کی ترسیل پر کاپی رائٹ کے مالک کی حیثیت سے جانا جائے گا۔

مزید کاپیوں اور دیگر متعلقہ سوالات کے لیے لیگل ایڈ سوسائٹی سے مندرجہ ذیل ذرائع پر رابطہ کریں:

**Legal Aid Society**

ایف ٹی سی بلڈنگ، بلاک C ، پہلی منزل ، شاہراہ فیصل، **کراچی**

**Tel: (92)021- 35634112 - 5**
**Email:** communications@las.org.pk
**Website:** www.las.org.pk
**Facebook:** @LegalAidSocietyPakistan

لیگل ایڈ سوسائٹی 19 نومبر 2013 سے سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 1860 کے تحت رجسٹرڈ ہے (رجسٹریشن نمبر KAR 058 of 2013 – 14) اور اسے جسٹس ناصر اسلم زاہد کی چیئر پرسن شپ کے تحت چلایا جاتا ہے۔

# ضلعی سطح پر فوری مدد اور انصاف تک رسائی کے لئے موجودہ وسائل

لیگل ایڈ سوسائٹی (LAS) پاکستان میں موجود مذہبی اقلیتی برادریوں کے قانونی حقوق کے تحفظ کے لئے سرگرمِ عمل ہے۔

مقامی سطح پر ایک دیرپا نظامِ انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے لیگل ایڈ سوسائٹی مقامی حکومتی اداروں کے درمیان اشتراک کو بڑھانے کی کوشش کررہی ہے۔

اسی سلسلے میں لیگل ایڈ سوسائٹی نے مذہبی اقلیتی برادری کے فعال افراد کو بحثیتِ قانونی مددگار (Paralegal) مقرر کیا ہے اور انہیں پاکستان کے قوانین اور مقامی سطح پر موجود نظامِ انصاف تک رسائی کے عمل سے آگاہی فراہم کی ہے۔

حکومتِ سندھ نے صوبے کے تمام اضلاع میں ضلعی امن کمیٹیاں (ڈسٹرکٹ پیس کمیٹیز) قائم کی ہیں۔ ان کا مقصد اپنے ضلع میں مذہبی ہم آہنگی اور امن و امان کو فروغ دینا ہے۔ لیگل ایڈ سوسائٹی نے مقامی قانونی مددگاروں کے ساتھ مل کر ان ضلعی امن کمیٹیوں کو مزید فعال اور متحرک کرنے کے لئے مختلف سرگرمیاں تشکیل دی ہیں۔ تاکہ لوگوں کو مقامی سطح پر فوری طور پر اپنے قانونی مسائل کا حل مل سکے۔

یہ معلوماتی کتابچہ قانونی مددگار اور امن کمیٹی کے متعلق آگاہی فراہم کرے گا۔ یہ آپ کے علاقے میں موجود ان تمام سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے بارے میں تفصیلات فراہم کرے گا جو آپ کی قانونی مدد کر سکتے ہیں۔

# ضلعی امن کمیٹی (ڈی پی سی)

حکومتِ سندھ نے صوبے کے تمام اضلاع میں مختلف مذہبی رہنماؤں اور فعال افراد پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دی ہیں تاکہ یہ افراد اپنے اضلاع میں امن و امان اور مذہبی آہنگی کے لیے کام کر سکیں۔ اس سلسلے میں ہر ضلع کا ڈپٹی کمیشنر مقامی امن کمیٹی کے افراد کا انتخاب کر کے نوٹیفکیشن جاری کرتا ہے ۔



## یہ امن کمیٹی کس طرح آپکی مدد کرسکتی ہے؟

ضلعی امن کمیٹی کا بنیادی مقصد ان کے متعلقہ اضلاع میں امن اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے۔ اس کمیٹی کے ممبران مذہبی اجتماعات جیسے محرم شریف، ربیع الاول، یا مذہبی اقلیتی برادریوں کے تہوار جیسے دیوالی ، ہولی ، کرسمس ، ایسٹر وغیرہ کے دوران مذہبی ہم آہنگی اور سلامتی کو فروغ دینے کے ذمہ دار ہیں۔ اسکے علاوہ اگر کسی بھی ضلع میں کوئی مذہبی تنازعہ پیدا ہوتا ہے تو، ڈی پی سی مذہبی برادریوں کے مابین تناؤ کو کم کرنے اور متنوع مذہبی گروہوں کے پرامن تعلقات کو یقینی بنانے کی کوشش کرتی ہے۔

اس لیے اگر آپ کو یا آپ کی برادری کو مذہبی تہواروں سے متعلق کوئی مشکل درپیش ہو یا آپ کی برادری کی طرف سے آپ کے محلّے میں مذہبی کشیدگی کا کوئی معاملہ یا کوئی اور مسئلہ لاحق ہو تو آپ اپنے ضلع کے (DPC) ڈی پی سی ممبران سے رابطہ کرسکتے ہیں۔



# ضلعی امن کمیٹی کے ارکان سے رابطہ کیسے کریں؟

لیگل ایڈ سوسائٹی نے صوبۂ سندھ کے ۸ اضلاع (کراچی، حیدرآباد، شہید بینظیر آباد، سانگھڑ، دادو، خیرپور، لاڑکانہ اور سکھر) میں ضلعی امن کمیٹی کے ممبران کے ساتھ روابط قائم کیے ہیں اور اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ ان اضلاع کے رہنے والے مقامی افراد لیگل ایڈ سوسائٹی کے ذریعے ڈسٹرکٹ امن کمیٹی کے ممبران سے فوری رابطہ کرسکیں۔ لہذا اگر آپ ڈی پی سی کے کسی بھی ممبر سے رجوع کرنا چاہتے ہیں تو آپ اپنے ضلع میں لیگل ایڈ سوسائٹی کے دفتر کے ذریعے ان سے رابطہ کرسکتے ہیں اور اپنی قانونی مشکلات کا فوری حل تلاش کرسکتے ہیں۔



# قانونی مددگار (کمیونٹی پیرا لیگل)

## قانونی مددگار کا تعارف:

قانونی مددگار (کمیونٹی پیرا لیگل) وہ افراد ہوتے ہیں جو پاکستان کے قوانین کے بارے میں بنیادی معلومات رکھتے ہیں اور ان اداروں کے بارے میں آگاہی رکھتے ہیں جو ان قوانین کو نافذ کرتے ہیں۔

لیگل ایڈ سوسائٹی نے سندھ کے ۸ اضلاع میں موجود مذہبی اقلیتی برادریوں میں سے فعال افراد کو قانونی مددگار کے طور پر مقرر کیا ہے اور انہیں پاکستان کے ان قوانین کی آگاہی فراہم کی ہے جو ملک میں موجود اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ کے لیے بنائے گئے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ انہیں ان اداروں کے بارے میں بھی آگاہی فراہم کی گئی ہے جو ان قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بناتے ہیں۔



# قانونی مددگار کس طرح سہولیات فراہم کر سکتے ہیں؟

قانونی مددگار اپنے اضلاع میں موجود مذہبی اقلیتی برادری کے افراد کو ان کے حقوق کے حوالے سے آگاہی فراہم کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں وہ اپنے اضلاع میں قانونی آگاہی سے متعلق کلینکس کا انعقاد کرتے ہیں جس میں وہ پاکستان کے قوانین اور ان کے نفاذ کے لیے بنائے گئے اداروں کے بارے میں آگاہی فراہم کرتے ہیں تاکہ اقلیتی برادری کے افراد اپنے حقوق سے آگاہ ہوسکیں اوراگر کوئی ان کے جائزحق کو پامال کرے تو وہ اس کے خلاف آواز اٹھا سکیں۔

قانونی مددگار اپنی برادری اور قانونی اداروں کے درمیان فعال رابطے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ وہ اپنی برادری میں مسائل کی نشاندہی کرتے ہیں اور انہیں سرکاری تنظیموں اورلیگل ایڈ سوسائٹی کے نوٹس میں لاتے ہیں۔ لہذا آپ اپنے علاقے میں کسی بھی مسئلے پر تبادلہ خیال کرنے اور ان کی مدد حاصل کرنے کے لئے ان سے رابطہ کرسکتے ہیں۔



# کسی علاقے میں موجود پیرالیگل (قانونی مددگار) سے کیسے رجوع کیا جائے؟

قانونی مددگار مذہبی اقلیتی برادری کے متحرک اور فعال افراد ہوتے ہیں۔ اس لئے مذہبی اقلیتی برادری ان تک باآسانی رسائی حاصل کرسکتی ہے کیونکہ وہ ان ہی کی برادری سے تعلق رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں، لیگل ایڈ سوسائٹی کی ضلعی ٹیم نے قانونی مددگار افراد کے ریکارڈ کو محفوظ رکھا ہوا ہے۔ آپ اپنے ضلع میں موجود قانونی مددگار سے رابطے کی تفصیلات لیگل ایڈ سوسائٹی کے دفتر سے بھی حاصل کرسکتے ہیں۔



چونکہ ضلعی امن کمیٹی کے ممبران اور قانونی مددگار متنوع مذہبی برادری کے نمائندے ہوتے ہیں اس لیے وہ اپنی برادری کو درپیش مسائل سے پوری طرح واقف ہوتے ہیں اوراپنے علاقے کے مسائل کو دور کرنے کے لیے بہت جوش و جذبے سے کام کرتے ہیں۔ قانونی مددگارمذہبی کشیدگی جیسے مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں ضلعی امن کمیٹی ( ڈی پی سی) کے نوٹس میں لاتے ہیں۔ ضلعی امن کمیٹی کے ممبران ضلع کے ڈپٹی کمیشنر سے مستقل رابطے میں ہونے کی وجہ سے ان افراد کے مسائل کو مستقل طور پر حل کرتے ہیں۔



# مقامی سطح پر موجود نظامِ انصاف کے ادارے

عمومی طور پرانسانی حقوق کے لیے کام کرنے والی سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں اور خاص طور پر مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے سلسلے میں کام کرنے والی تنظیموں سے رابطے کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

| نمبر شمار | ادارے کا نام | فون نمبر | ادارے کا بنیادی کام | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| 1 | SLACC/سندھ لیگل ایڈوائزری کال سینٹر | 0800-70806 | مفت قانونی مشورہ اور رہنمائی | تمام اضلاع میں |
| 2 | پولیس اسٹیشن (وُمین اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سینٹر) | 0300-4238977 وُمین اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سیل | خواتین اور بچوں کا تحفظ | خیرپور |
| 3 | ایس۔ او۔ ایس ولیج | 0300-318840 ممتاز کالونی، اولڈ نیشنل ہائی وے | پناہ گاہ | خیرپور |

| نمبر شمار | ادارے کا نام | فون نمبر | ادارے کا بنیادی کام | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| 4 | صارم برنی ویلفیر ٹرسٹ انٹرنیشنل | 0333-1006909/<br>021-111-955-855<br>بسالت اے۔ خان<br>لیگل سیل انچارج | پناہ گاہ اور معاشرے کے پسماندہ افراد کے لیے دیگر فلاحی کام کرنا | کراچی |
| 5 | شرکت گاہ — وُمین ریسورس سینٹر | 021-34322130-132/<br>021-34322162-163<br>معین احمد/ مدیحہ شیخانی | فلاحی اقدامات/ خواتین کے حقوق کا تحفظ | کراچی |
| 6 | وُمین اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سیل | DIGP EAST<br>(021-99230822)<br>EAST<br>(021-99248001<br>21-9924889)<br>KORANGI<br>(021-35055882)<br>DIGP SOUTH<br>(021-99205029) | خواتین اور بچوں کا تحفظ | کراچی |
| 7 | کرسچین پیِس کمیٹی | 0312-2899272<br>مہران ٹاون، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی<br>پیسٹر گلفام | مسیحی برادری کا تحفظ | کراچی |

| نمبر شمار | ادارے کا نام | فون نمبر | ادارے کا بنیادی کام | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| 8 | وُمین پروٹیکشن سیل | 0333-3663766/<br>03061311823<br>ماروی آوان | خواتین کے حقوق کا تحفظ | حیدرآباد |
| 9 | لیگل رائٹس فورم | 0345-3245039<br>تبسم رانی | قانونی حقوق کی فراہمی | حیدرآباد |
| 10 | ماروی سماجی ترقیاتی تنظیم | 0300-30770380<br>زیب النساء ملاح | سماجی فلاح و بہبود | حیدرآباد |
| 11 | سورٹھ سماجی ترقیاتی تنظیم | 0333-2602273/<br>0332-3500218<br>نجمہ اختر ملاح | سماجی فلاح و بہبود | حیدرآباد |
| 12 | ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان | 0333-4214896/<br>021-36637131<br>کلیم دُرانی | انسانی حقوق کا تحفظ | کراچی |
| 13 | جوائننگ ہینڈز ویلفیر آرگنائزشن | 0300-2375933<br>سبین میمن | انسانی حقوق کا تحفظ اور سماجی فلاح و بہبود | کراچی |
| 14 | لیگل رائٹس فورم | 0302-2843840/<br>021-35388695<br>منظور احمد | انسانی حقوق کا تحفظ | کراچی |

| نمبر شمار | ادارے کا نام | فون نمبر | ادارے کا بنیادی کام | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| 15 | سیٹیزن پولیس لائزون کمیٹی | 0333-2200990<br>شوکت علی سلیمان | شکایات درج کرنے میں لوگوں کی مدد | کراچی |
| 16 | نیشنل کمیشن فار جسٹس اینڈ پیس | 0301-2595958<br>نعمان پیٹر | عیسائی برادری کے حقوق کا تحفظ | حیدرآباد |
| 17 | سوشل ویلفیر ڈیپارٹمنٹ | 0302-3672349<br>واجد علی | فلاحی اداروں کی تربیت اور سماجی فلاح و بہبود | سانگھڑ |
| 18 | رئیل لائف فاؤنڈیشن | 0312-3740562<br>کرسچین محلّہ، لطیف آباد یونٹ 10-، حیدرآباد | مسیحی برادری کے قانونی حقوق کا تحفظ | حیدرآباد |
| 19 | سوشل ویلفیر ڈیپارٹمنٹ | 0342-2467992<br>عبدالوحید خان | فلاحی اداروں کی تربیت اور سماجی فلاح و بہبود | سکھر |
| 20 | چائلڈ پروٹیکشن یونٹ | 0333-7356569<br>زبیر احمد مہار | بچوں کا تحفظ | سکھر |
| 21 | وُمین ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ | 0331-7266649<br>عبد الغفار | خواتین کا تحفظ | سکھر |
| 22 | چائلڈ پروٹیکشن سینٹر | 0301-3484011<br>ڈی۔آئی۔جی۔پی آفس | بچوں کے قانونی حقوق کا تحفظ | سکھر |

| نمبر شمار | ادارے کا نام | فون نمبر | ادارے کا بنیادی کام | ضلع |
|---|---|---|---|---|
| 23 | ہیلپ لائن برائے گھریلو تشدد | 0333-3855213 کوثر مختیار | گھریلو تشدد سے متعلق شکایات درج کرنا | سانگھڑ |
| 24 | پولیس سہولت مرکز | 022-9260529 | ہنگامی صورتحال میں بچاؤ | حیدرآباد |
| 25 | سیف ہاؤس | 025-9200250 | پناہ گاہ | دادو |
| 26 | ڈسٹرکٹ پولیس آفیس، دادو | 025-0003501 | امن و امان اور جان و مال کا تحفظ | دادو |
| 27 | ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان | 021-99217318 | انسانی حقوق کا تحفظ | تمام اضلاع میں |
| 28 | پاکستان ہندو کونسل | 0333-5544347 | ہندو برادری کے حقوق کا تحفظ | تمام اضلاع میں |

LAS
LEGAL AID SOCIETY

کسی بھی قسم کی شکایات کے لیئے آپ لیگل ایڈ سوسائیٹی کے مندرجہ ذیل نمبر پر کال کرسکتے ھیں۔

**0345-8270806**

آپکی شناخت، شکایات اور فراہم کردہ معلومات کومکمل طور پر پوشیدہ رکھا جائے گا۔


**ہیڈ آفس**

ایف ٹی سی بلڈنگ، بلاک C ، پہلی منزل ،
شاہراہ فیصل، کراچی

**فون**

ٹول فری : 0800-70806
ہیڈ آفس : 5 - 35634112 -021
کال سینٹر آفس : 3-35308531 -021

**ای میل**

info@las.org.pk
hr@las.org.pk

**فیس بک**

@LegalAidSocietyPakistan

**ویب سائٹ**

www.las.org.pk